جدیدہ شامل کی گئی ہیں جن حضرات کو اس سلسلہ میں رہنمائی کی ضرورت ہو وہ اس رسالہ سے حاصل کر سکتے ہیں اس کو دیکھنے سے جہاں ہمیں یہ خوشی ہوتی ہے کہ حامیانِ کتاب وسنت کس عزم واحتیاط اور محنت سے دین کی حفاظت کرتے ہیں وہاں ہمیں محبت بھرا گلہ یہ بھی ہے کہ کاش یہ بزرگ وقت کے زیادہ اہم مسائل کی طرف زیادہ سے زیادہ توجہ فرمائیں۔

تسہیل البیان فی توضیح القرآن | مصنفہ مولانا سلطان محمود صاحب ناظم مدرسہ خادم علوم نبوت کوٹھیا (شیخان) ضلع گجرات قیمت ۱۲ آنے صفحات ۴۴۔ ملنے کا پتہ: مصنف سے براہ راست حاصل کی جاسکتی ہے۔

اس مختصر سے رسالہ میں سورہ فاتحہ کی تفسیر درج ہے۔ مقدمہ میں فاضل مصنف نے لکھا ہے کہ اس سے ان کا مقصد انگریزی داں حضرات کو مطالب قرآنی سے آگاہ کرنا ہے۔ ہمیں افسوس ہے کہ وہ اپنے اس مقصد میں کامیاب نہیں ہو سکے۔ مولانا نے جن مباحث کو چھیڑا ہے وہ اگرچہ انگریزی پڑھنے والوں کے لیے دلچسپی کا باعث ہیں مگر جس طریق سے انہیں پیش کیا گیا ہے وہ اس طبقہ کو مطمئن کرنے کے لیے کافی نہیں۔ زبان پرانی ہے اور طباعت کا معیار بھی بلند نہیں۔ مگر یہ کوشش بذاتِ خود ایسی ہے جسے کوئی مسلمان سراہے بغیر نہیں رہ سکتا۔ مولانا علم دین میں خاصی مہارت رکھتے ہیں اور ان کی قابلیت ان صفحات میں نمایاں طور پر نظر آتی ہے۔ کاش مولانا اس کے لیے کوئی اچھا اسلوب بیان اختیار کریں۔

تفہیم القرآن جلد دوم

تفہیم القرآن جلد دوم کی طباعت کے متعلق دریافت کیا جارہا ہے۔ فرداً فرداً جواب دینے کی بجائے ترجمان القرآن کے ذریعہ اعلان کیا جاتا ہے کہ:۔

تفہیم القرآن جلد دوم کے لیے ہمارا امپورٹ کردہ کاغذ کراچی پہنچ چکا ہے۔ جو ۲ ہفتہ تک لاہور پہنچ جائیگا۔ انشاء اللہ۔ اسکی طباعت وجلد بندی پر کم ازکم تین ماہ صرف ہونگے۔ مکمل ہونے پر آرڈر فرمائشوں کی تعمیل اُسی ترتیب سے کی جائے گی جس ترتیب سے ہمارے پاس فرمائشیں درج کرائی جارہی ہیں۔

ناظم مکتبہ تعمیر انسانیت۔ ۲۵۰ گوجر گلی موچی دروازہ۔ لاہور